# اعانت اطفال کو بحفاظت حاصل کرنے کا طریقہ: آپ کو کن باتوں کا علم ہونا چاہیے

## آپ کی حفاظت ایک ترجیح ہے

بچوں کے لیے یہ اہم اور ضروری ہے کہ وہ اپنے دونوں والدین سے مالی اور طبی معاونت حاصل کریں۔ ریاست نیویارک کا معاونت اطفال پروگرام (New York State Child Support Program) والدین اور ان کے بچوں کے لیے معاونت اطفال کے عمل کو ہر ممکنہ حد تک محفوظ بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ معاونت اطفال کی خدمات حاصل کرنے کے لیے آپ کو خود اپنے متعلق، اپنے بچوں کے متعلق، اور غیر تحویلی والد یا والدہ کے متعلق معلومات فراہم کرنا ضروری ہے۔ مندرجہ ذیل اقدامات کے متعلق پڑھتے ہوئے اگر آپ کے ذہن میں اس عمل کے نتیجے میں اپنی حفاظت کے متعلق کوئی خدشات پیدا ہوں، تو آپکو ان خدشات پر اپنے چائلڈ سپورٹ ورکر کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیے۔

### والدینیت کا تعین کرنا

اگر والدینیت کا تعین نہیں ہوا ہے، تو ہم فیملی کورٹ میں درخواست دائر کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ دونوں والدین کو کیس کے حقائق اور حالات کے بارے میں گواہی دینے کے لئے عدالتی سماعت میں پیش ہونا پڑے گا، جو بالمشافہ یا ورچوئل ہو سکتی ہے۔

### معاونت کا تعین

ہم فیملی کورٹ میں معاونت اطفال کی درخواست دائر کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ ہو سکتا ہے آپ کو اس عدالتی سماعت میں بھی پیش ہونے کی ضرورت پڑے۔ وہاں دونوں والدین کی آمدنی اور اخراجات پیش کیے جائیں گے اور ان معلومات کو چائلڈ سپورٹ آرڈر کی رقم کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

### معاونت کی وصولی

غیر تحویلی والدین کے آجر کو ایک انکم ودہولڈنگ آرڈر ملے گا جس کے تحت انہیں والدین کے پے چیک سے چائلڈ سپورٹ کی ان ادائیگیوں کی وہ رقوم منہا کرنی ہوں گی جن کا عدالت نے حکم دیا ہے، اور پھر وہ رقوم چائلڈ سپورٹ پروسیسنگ سینٹر کو بھیجنی ہوں گی۔ اگر آجر کا پتہ ہی نہ ہو، تو چائلڈ سپورٹ پروسیسنگ سینٹر کو براہ راست ادائیگیاں کرنے کے ذمہ دار غیر تحویلی والد یا والدہ کو ایک ماہانہ بلنگ اسٹیٹمنٹ بذریعہ ڈاک بھیجا جاتا ہے۔

### ترمیم کرنا

اگر کوئی چیز تبدیل ہو، تو آپ یا غیر تحویلی والد یا والدہ ایک درخواست دائر کر سکتے ہیں جس میں فیملی کورٹ سے معاونت کے موجودہ حکم میں ترمیم کی درخواست اس بناء پر کی جائے گی کہ بچوں کی ضروریات یا والدین کی آمدنی تبدیل ہو گئی ہے۔

### معاونت کا نفاذ

اگر غیر تحویلی والد یا والدہ کوئی ادائیگی نہیں کریں گے، تو بعض لائحہ عمل پورے ہونے پر نفاذ کی کارروائیاں شروع کی جاتی ہیں۔ ان کارروائیوں میں وفاقی اور ریاستی ٹیکس کی واپس ملنے والی رقوم، لاٹری میں جیتی ہوئی رقوم، بینک اکاؤنٹس، اور ذاتی چوٹوں کے تصفیے سے ملنے والی رقوم کی ضبطی؛ کریڈٹ ایجنسیوں کو قرض کی اطلاع دینا؛ ڈرائیور لائسنس کی معطلی؛ اور امریکی پاسپورٹ دینے سے انکار کرنا جیسی کاروائیاں شامل ہو سکتی ہیں۔

### زندگی گزارنے کی لاگت میں ترمیم (Cost of Living Adjustment, COLA)

کم از کم دو سال پرانے چائلڈ سپورٹ آرڈرز COLA جائزے کے اہل ہوتے ہیں۔ ان جائزوں میں معاونت اطفال کی اس رقم میں اضافہ کیا جا سکتا ہے جو غیر تحویلی والد یا والدہ کو عدالت میں جائے بغیر ادا کرنا لازمی ہوگی۔

# معاونت اطفال طلب کرنے کے دوران محفوظ رہنا

چائلڈ سپورٹ پروگرام اور فیملی کورٹ کے پاس چائلڈ سپورٹ سروسز تک محفوظ طریقے سے رسائی میں آپ کی مدد کرنے کے متعدد طریقے ہیں۔

- عدالتی سماعت میں بالمشافہ پیش ہونے کے بجائے ویڈیو یا ٹیلی فونک گواہی دینے کی درخواست دائر کریں۔
- عدالت سے درخواست کریں کہ وہ آپ کا محل وقوع، رہائشی پتہ یا آجر کی شناخت ظاہر نہ کریں۔ عدالت سماعت سے پہلے، اسکے دوران اور سماعت کے بعد عدالتی افسران کو موجود رکھنے سمیت آپ کی ذاتی حفاظت کے لیے اضافی احتیاطی تدابیر کی پیشکش کر سکتی ہے۔
- وہ آپ کا محل وقوع/رہائشی پتہ یا ملازمت کی معلومات کو درخواستوں، نوٹسز، یا کسی مطلوبہ مالیاتی انکشاف سے ہٹا سکتی ہے۔ اگرچہ آپکا پتہ تو تمام صورتوں میں چھپایا جا سکتا ہے، لیکن چائلڈ سپورٹ ایجنسی کی کاؤنٹی یا حکم جاری کرنے والی عدالت کے ناموں کو چھپانا ممکن نہیں ہے۔
- وہ آپکے جینیاتی ٹیسٹ کے لیے لیبارٹری اپائنٹمنٹ کی درخواست کر سکتی ہے تاکہ والدینیت کا تعین دوسرے والد یا والدہ سے علیحدہ رہ کر کیا جائے۔
- وہ آپ کو مشورہ دے سکتی ہے کہ حفاظتی آرڈر کیسے حاصل کیا جائے۔

# عوامی فوائد اور معاونت اطفال

اگر آپ نے عوامی امداد کے لیے درخواست دی ہے یا آپ وہ امداد وصول کرتے ہیں، تو آپ کو چائلڈ سپورٹ پروگرام کے ساتھ تعاون کرنے کو کہا جا سکتا ہے؛ تاہم، اگر آپ کو اپنے اور/یا بچوں کی حفاظت کے بارے میں خدشات ہیں تو اس تقاضے کو تبدیل یا ختم بھی کیا جا سکتا ہے۔ آپ کا چائلڈ سپورٹ ورکر یا پبلک اسسٹنٹ ورکر یہ وضاحت کر سکتا ہے کہ ان پروگراموں تک محفوظ طریقے سے رسائی پانے کے لیے کیا اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔

**آپ حفاظت کے بارے میں معلومات کو کسی بھی وقت اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں**۔ چاہے آپ نے اپنے چائلڈ سپورٹ ورکر یا پبلک اسسٹنٹ ورکر کو پہلے ہی بتا دیا ہو کہ آپ کو حفاظت سے متعلق کوئی خدشات نہیں ہیں، تاہم معاملات بدل بھی تو جاتے ہیں — اور ہم محفوظ رہنے میں آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی حفاظت کے بارے میں فوری طور پر کسی سے بات کرنے کی ضرورت ہو، تو ان سے رابطہ کریں:

**ریاست نیو یارک کی گھریلو اور جنسی تشدد کی ہاٹ لائن**

ٹیکسٹ
**844-997-2121**

کال کریں
**800-942-6906**

چیٹ کریں
**OPDV.NY.GOV**

اعلیٰ تربیت یافتہ وکلا گھریلو یا جنسی تشدد کا سامنا کرنے والے، وسائل یا معلومات ڈھونڈنے والے، یا اپنے تعلقات کے غیر صحت بخش پہلوؤں پر سوال اٹھانے والے کسی شخص کے ساتھ رازداری کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے 365/7/24 دستیاب رہتے ہیں۔

اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ خاندانی، گھریلو، اور جنسی تشدد کیا ہے اور کونسے وسائل دستیاب ہیں، https://opdv.ny.gov/about-domestic-violence اور www.nycourts.gov/CourtHelp/Safety/DVindex.shtml ملاحظہ کریں۔گھریلو تشدد سے متعلقہ اپنے قریبی مقامی خدمات فراہم کنندہ کی تلاش کے لیے: https://opdv.ny.gov/domestic-violence-service-providers ملاحظہ کریں۔

**مزید معلومات کے لیے، یہاں اسکین کریں:**

NEW YORK STATE | Child Support

دفتر برائےعارضی اور معذوری کی معاونت والوں کا ایک پروگرام

childsupport.ny.gov